کتاب کی افادیت میں بیش بہا اضافہ ممکن تھا۔ اردو داں طبقہ کے لئے بہرحال یہ کتاب بڑی نعمت ہے۔

شرف الدین اصلاحی

حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق:

زیر نظر کتاب کوئی مستقل بالذات تصنیف نہیں۔ اس کا بیشتر مواد مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی کتاب خلافت و ملوکیت کے جواب یا جواب الجواب کے طور پر ضبط تحریر میں آیا۔ مولانا مودودی کی خلافت و ملوکیت شائع ہوئی تو اس کے بعض مندرجات پر کچھ اعتراضات ہوئے اور رد میں کتابیں بھی لکھی گئیں اور مضامین بھی شائع ہوئے۔ صلاح الدین یوسف صاحب نے ''خلافت و ملوکیت، تاریخی و شرعی حیثیت'' شائع کی۔ ایک شیعہ عالم حسین بخش صاحب نے ''امامت و ملوکیت در جواب خلافت و ملوکیت'' لکھی۔ مولانا محمد تقی عثمانی نے ماہنامہ البلاغ میں ایک سلسلہ مضامین شروع کیا جس کے جواب میں ماہنامہ ترجمان القرآن میں ملک غلام علی صاحب نے کچھ اظہار خیال کیا۔ عثمانی صاحب نے اس کے جواب میں بھی ایک بسیط مضمون لکھا۔ اس بحث و تمحیص میں مولانا عثمانی صاحب کے قلم سے جو کچھ نکلا، اس کتاب میں اسے یکجا کردیا گیا ہے۔

کتاب کے تین جز ہیں۔ پہلے دو جز عثمانی صاحب کی تحریروں پر مشتمل ہیں۔ تیسرا جز جس کا عنوان ہے ''حضرت معاویہ، شخصیت، کردار اور کارنامے'' (حضرت معاویہ کی سیرت و مناقب) مولانا محمد تقی عثمانی صاحب کے برادر زادہ مولوی محمد اشرف عثمانی کی کاوش ہے۔

کتاب بڑی تقطیع کے ۲۷۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ کتابت و طباعت

مناسب ہے۔ کاغذ درمیانہ درجہ کا ہے۔ مجلد مع گردپوش، قیمت دس روپیے پچاس پیسے۔ ملنے کا پتہ:

(۱) ادارۃ المعارف، ڈاکخانہ دارالعلوم، کراچی-۱۴

(۲) دارالاشاعت، مقابل مولوی مسافرخانہ، بندر روڈ، کراچی-۱

(۳) ادارۂ اسلامیات، ۱۹۰ - انارکلی، لاہور

(۴) مکتبہ دارالعلوم، کراچی-۱۴

شرف الدین اصلاحی